سُوْرَةُ الْاِنْشِقَاقِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ ۙ﴿۱﴾	جب آسمان پھٹ جائے گا ﴿۱﴾
وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا	اور تعمیل کرے گا اپنے رب (کے حکم) کی
وَحُقَّتْ ۙ﴿۲﴾	اور اسے یہی زیب دیتا ہے ﴿۲﴾
وَاِذَا الْاَرْضُ مُدَّتْ ۙ﴿۳﴾	اور جب زمین ہموار کر دی جائے گی ﴿۳﴾
وَاَلْقَتْ مَا فِيْهَا	اور نکال باہر کرے گی جو کچھ اس کے اندر ہے
وَتَخَلَّتْ ۙ﴿۴﴾	اور خالی ہو جائے گی ﴿۴﴾
وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا	اور تعمیل کرے گی اپنے رب (کے حکم) کی
وَحُقَّتْ ۭ﴿۵﴾	اور اسے یہی زیب دیتا ہے ﴿۵﴾
يٰٓاَيُّهَا الْاِنْسَانُ اِنَّكَ كَادِحٌ اِلٰى رَبِّكَ	اے انسان! بے شک تو چلا جا رہا ہے اپنے رب کی طرف
كَدْحًا فَمُلٰقِيْهِ ۚ﴿۶﴾	کشاں کشاں بالآخر اس کے حضور پیش ہونا ہے تجھے ﴿۶﴾
فَاَمَّا مَنْ اُوْتِيَ كِتٰبَهٗ	تو پھر جسے دیا جائے گا اس کا اعمالنامہ
بِيَمِيْنِهٖ ۙ﴿۷﴾	اس کے دائیں ہاتھ میں ﴿۷﴾
فَسَوْفَ يُحَاسَبُ حِسَابًا يَّسِيْرًا ۙ﴿۸﴾	سو ضرور حساب لیا جائے گا اس سے آسان حساب ﴿۸﴾
وَّيَنْقَلِبُ اِلٰٓى اَهْلِهٖ مَسْرُوْرًا ۭ﴿۹﴾	اور لوٹے گا وہ اپنے لوگوں میں شاداں و فرحاں ﴿۹﴾
وَاَمَّا مَنْ اُوْتِيَ	اور رہا وہ جس کو پکڑایا جائے گا
كِتٰبَهٗ وَرَآءَ ظَهْرِهٖ ۙ﴿۱۰﴾	اعمالنامہ اس کا پیٹھ پیچھے سے ﴿۱۰﴾

فَسَوْفَ يَدْعُوْا ثُبُوْرًا ۙ﴿١١﴾	سو ضرور مانگے گا وہ موت ﴿١١﴾
وَّيَصْلٰى سَعِيْرًا ؕ﴿١٢﴾	اور جا پڑے گا دہکتی آگ میں ﴿١٢﴾
اِنَّهٗ كَانَ فِيْٓ اَهْلِهٖ مَسْرُوْرًا ؕ﴿١٣﴾	بے شک وہ تھا اپنے گھر والوں میں مگن ﴿١٣﴾
اِنَّهٗ ظَنَّ اَنْ لَّنْ يَّحُوْرَ ۛ﴿١٤﴾	بے شک اس نے سمجھ رکھا تھا کہ ہرگز نہیں ہے پلٹ کر جانا ﴿١٤﴾
بَلٰٓى ۛ اِنَّ رَبَّهٗ	کیوں نہیں (ضرور پلٹنا ہے)، بے شک اس کا رب
كَانَ بِهٖ بَصِيْرًا ؕ﴿١٥﴾	اس کے سارے کرتوت دیکھ رہا تھا ﴿١٥﴾
فَلَآ اُقْسِمُ بِالشَّفَقِ ۙ﴿١٦﴾	پس نہیں! قسم کھاتا ہوں میں شفق کی ﴿١٦﴾
وَالَّيْلِ وَمَا وَسَقَ ۙ﴿١٧﴾	اور رات کی اور اس کی جو کچھ وہ سمیٹ لیتی ہے ﴿١٧﴾
وَالْقَمَرِ اِذَا اتَّسَقَ ۙ﴿١٨﴾	اور چاند کی جب وہ اوج کمال کو پہنچتا ہے ﴿١٨﴾
لَتَرْكَبُنَّ طَبَقًا عَنْ طَبَقٍ ؕ﴿١٩﴾	تم بھی ضرور چڑھو گے درجہ بدرجہ (رتبۂ اعلیٰ) پر ﴿١٩﴾
فَمَا لَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۙ﴿٢٠﴾	پھر کیا ہوا ہے ان کو کہ ایمان نہیں لاتے ﴿٢٠﴾
وَاِذَا قُرِئَ عَلَيْهِمُ الْقُرْاٰنُ	اور جب پڑھا جاتا ہے ان کے سامنے قرآن
لَا يَسْجُدُوْنَ ۩﴿٢١﴾	تو سجدہ نہیں کرتے ﴿٢١﴾
بَلِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يُكَذِّبُوْنَ ۟ۖ﴿٢٢﴾	بلکہ یہ لوگ جنہوں نے کفر اختیار کیا ہے جھٹلاتے ہیں اس کو ﴿٢٢﴾
وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا	اور اللہ خوب جانتا ہے اس کو جو
يُوْعُوْنَ ۟ۖ﴿٢٣﴾	انہوں نے بھر رکھا ہے اپنے دلوں میں ﴿٢٣﴾
فَبَشِّرْهُمْ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ۙ﴿٢٤﴾	پس بشارت دے دو ان کو دردناک عذاب کی ﴿٢٤﴾
اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ	البتہ وہ لوگ جو ایمان لائے اور کیے انہوں نے نیک کام
لَهُمْ اَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُوْنٍ ۧ﴿٢٥﴾	ان کے لیے ہے ایسا اجر جو نہ ختم ہونے والا ہے ﴿٢٥﴾